ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((420

04.09.25

**بہاول پور(          )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی جانب سے تھانہ سول لائنز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں اہل علاقہ کی بڑی تعداد کو سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو شہریوں کے مسائل بروقت حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا اور گھر کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن انصاف آپ کی دہلیز پر کے پیش نظر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے تھانہ سول لائنز میں کھلی کچہری لگائی، جس میں اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ڈی پی او کے ہمراہ ایس ڈی پی او سٹی سرکل بہاولپور، ایس ایچ او تھانہ سول لائنزو دیگر معزز شخصیات نے بھی شرکت کی۔ڈی پی او محمد حسن اقبال نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ تھانوں میں کھلی کچہری کا انقعاد ہماری اولین ترجیح ہے تاکہ شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دہلیز پر بروقت دادرسی کی جاسکے۔ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو مقدم رکھتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔ ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے ساتھ بہتر رویہ اپنائیں۔عوام کی خدمت اور ان کے جان ومال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ جبکہ شہریوں کا کہنا تھا کہ ہم بہت مطمئن ہیں کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خود ہمارے مسائل کے حل کے لئے تشریف لائے اور مسائل کو فوری حل کرنے کے متعلق افسران کو حکم جاری کئے۔ ڈی پی او بہاولپور کے اس احسن اقدام سے انصاف کا بول بالا ہو رہا ہے۔آخر میں ڈی پی او محمد حسن اقبال نے شہریوں کی شرکت پر بھی ان کا شکریہ ادا کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی جانب سے 12 ربیع الاول عید میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے جامع سکیورٹی پلان جاری

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (421)

04.09.25

**بہاولپور( )12ربیع الاول عید میلادالنبی ﷺ کے حوالے سے سکیورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے ہیں، جلوس اور محافل میلاد کے پرامن انعقاد کے حوالے سے سکیورٹی پلان جاری۔ کسی کو امن خراب کرنے کی اجازت نہیں دے سکتے، شرپسند عناصر کو واضح پیغام، ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی فول پروف سکیورٹی کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی ہدایت پر 12 ربیع الاول عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں۔اس حوالے سے ضلع بھر میں 74 جلوس اور 9 محافل میلاد منعقد ہوں گی۔ جن پر 1300 سے زائد پولیس افسران و اہلکاران نے ڈیوٹی سرانجام دی۔ ڈسٹرکٹ پولیس کے ہمراہ ڈولفن فورس، ایگل اسکوارڈ، سپیشل برانچ اور ایلیٹ فورس بھی سکیورٹی کے فرائض سرانجام دیں گے۔ عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر سکیورٹی کو فول پروف رکھنے کے لیے سیف سٹی کیمرہ جات کے علاوہ سی سی ٹی وی کیمرے، ڈرون کیمرے، جیمرز، سنیفر ڈاگز، واک تھرو گیٹس، خاردار تار اور سٹیل بیریئرز کا استعمال کیا جائے گا۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عید میلاد النبی ﷺ کے تمام جلوس اور منعقدہ محفلوں پر مقررہ وقت کی پابندی یقینی بنائی جائے۔ لاؤڈ سپیکر کے استعمال، وال چاکنگ، ہیٹ میٹریل، اشتعال انگیز تقاریر، اسلحہ کی نمائش اور ہوائی فائرنگ پر مکمل پابندی ہے خلاف ورزی اور قانون شکنی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ عید میلاد النبی ﷺ کے جلوسوں کے دوران ٹریفک کو رواں دواں کرنے کے لیے ٹریفک کا علیحدہ سے ڈیوٹی پلان ترتیب دیا گیا ہے۔ عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلہ میں جاری کردہ سکیورٹی پلان پر من وعن عمل درآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال تھانہ سول لائنز میں کھلی کچہری کے موقع پر شہریوں کے مسائل دریافت کرنے کے بعد ان کے حل کیلئے احکامات جاری کررہے ہیں